| Centre Number | | | | | | Candidate Number | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Surname | | | | | | | | | | |
| Other Names | | | | | | | | | | |
| Candidate Signature | | | | | | | | | | |

| For Examiner's Use | |
|---|---|
| Examiner's Initials | |
| Page | Mark |
| 3 | |
| 4/5 | |
| 6/7 | |
| 8/9 | |
| 10/11 | |
| 12/13 | |
| 14/15 | |
| 16/17 | |
| 18/19 | |
| TOTAL | |

AQA

General Certificate of Secondary Education
Higher Tier
June 2015

# Urdu

46452H

## Unit 2 Reading

H

Wednesday 10 June 2015 1.30 pm to 2.20 pm

**You will need no other materials.**

**Time allowed**
- 50 minutes

**Instructions**
- Use black ink or black ball-point pen.
- Fill in the boxes at the top of this page.
- Answer **all** questions.
- You must answer the questions in the spaces provided. Do not write your answer outside the box around each page or on blank pages.
- Answer the questions in **English**.
- Do all rough work in this answer book. Cross through any work you do not want to be marked.

A

**Information**
- The marks for questions are shown in brackets.
- The maximum mark for this paper is 45.
- You must **not** use a dictionary.

**There are no questions printed on this page**

**DO NOT WRITE ON THIS PAGE**
**ANSWER IN THE SPACES PROVIDED**

Do not write outside the box

Answer **all** questions in **English** in the spaces provided.

**Directions**

**1** Ameena has been invited to attend an exhibition and she has the following instructions.


**Example**

جب آپ اسٹیشن سے باہر نکلیں تو اپنے دائیں [ A ] ہاتھ کی طرف مڑ جائیں۔ تھوڑی دیر چلنے کے بعد
آپ کو ایک قلعہ [ ] نظر آئے گا۔ اس سے تھوڑا سا آگے جا کر بائیں طرف والی پہلی سڑک چھوڑ
کر دوسری سڑک پر بائیں [ ] طرف مڑ جائیں۔ کچھ دیر چلنے کے بعد سامنے ایک مسجد [ ]
آئے گی۔ یہاں سے بائیں طرف مڑ جائیں تو سامنے ایک پُل [ ] ہو گا۔ اس پُل پر سے گزرنے
کے بعد آپ کو ایک سائن بورڈ [ ] نظر آئے گا اور جس کے بالکل پیچھے والی سڑک پر آپ کو ایک
بڑی عمارت نظر آئے گی۔ اسی عمارت میں نمائش کا انتظام کیا گیا ہے۔


Choose a picture to complete the gap. Write the correct letter in each box above.

**[5 marks]**

A




B





C




D




E





F



G



H



Do not write outside the box

**School trip**

**2** Your brother has gone on a trip to Pakistan and he has sent you an email about his visit.

**Email message**

جب ہم اسلام آباد پہنچے تو یہاں موسلا دھار بارش ہو رہی تھی۔ سڑکوں پر پانی کھڑا تھا اور ہمیں ہوائی اڈے سے ہوٹل تک پہنچنے میں کئی گھنٹے لگ گئے۔ ہوٹل پہنچ کر ہم سب نے کچھ دیر آرام کیا اور پھر شام کو ہم فیصل مسجد دیکھنے چلے گئے۔

دوسرے دن ہم راول ڈیم کی سیر کو نکل گئے جہاں ہم نے کشتی کی سیر کا لطف اٹھایا۔ یہاں کا منظر بہت ہی خوب صورت تھا اور ہمارے لیے تصویریں لینے کا بہت ہی اچھا موقع تھا۔ مگر افسوس کی بات یہ ہے کہ میں جلدی میں اپنا کیمرہ ہوٹل کے کمرے میں ہی بھول آیا تھا۔

ایک بات جو آپ کو بتانا ضروری ہے کہ پاکستان میں موسم بہت خراب ہے جس کی وجہ سے اب ہم اپریل کے شروع میں آنے کی بجائے مئی کے پہلے ہفتے میں برطانیہ واپس آئیں گے۔

Do not write outside the box

Read the following statements about the school trip.

If you think the statement is true, write (**T**) in the box.
If you think it is false, write (**F**) in the box.
If you think the information is not in the text, write (**?**) in the box.

| | | | |
|---|---|---|---|
| **Example:** | The flight was delayed. | **?** | |
| **2 (a)** | It took several hours to get from the airport to the hotel. | | **[1 mark]** |
| **2 (b)** | The next day they went to see the Faisal Mosque. | | **[1 mark]** |
| **2 (c)** | The parking ticket was very expensive at the Rawal Dam. | | **[1 mark]** |
| **2 (d)** | He did **not** take any pictures of the beautiful scene. | | **[1 mark]** |

**Turn over for the next question**

4

Do not write outside the box

**Daily life**

**3** Awais has written a blog about a typical day in his life.

میں صبح پونے سات بجے سو کر اٹھتا ہوں اور اسکول کے لیے تیار ہونے کے بعد ساڑھے سات بجے ناشتہ کرتا ہوں۔ میرے والد اکثر مجھے گاڑی میں آٹھ بجے ہی اسکول چھوڑ دیتے ہیں کیونکہ اُن کو اپنے کام کے لیے گھر سے جلد نکلنا ہوتا ہے۔

میں دوپہر کا کھانا اسکول میں ہی کھاتا ہوں جبکہ میرے کچھ دوست گھر جانے کے بجائے اسکول کے پاس دکانوں میں چلے جاتے ہیں اور باہر کا کھانا کھاتے ہیں۔ یہ نہ صرف اسکول کی پالیسی کے خلاف ہے بلکہ صحت کے لیے بھی نقصان دہ ہے۔

اسکول ختم ہونے کے بعد میں ایک گھنٹہ آرام کرتا ہوں اور اس کے بعد اپنے دوستوں کے ساتھ فٹ بال کھیلنے چلا جاتا ہوں۔ میرے خیال میں انسان کو کھیلوں سے تندرست رہنے کے علاوہ دوسروں کے ساتھ ملنے جلنے کا موقع بھی مل جاتا ہے۔ میں رات کا کھانا کھانے کے بعد آدھے گھنٹے کے لیے ٹی وی پر خبریں ضرور دیکھتا ہوں کیونکہ میں مستقبل میں ٹی وی پر خبریں پڑھنے کا کام کرنا چاہتا ہوں۔

**3 (a)** Why does Awais go to school so early?

**[1 mark]**

.............................................................................................................................

**3 (b)** Why does he think that eating outside school at lunchtime is **not** good? Give **two** details.

**[2 marks]**

1 .........................................................................................................................

2 .........................................................................................................................

Do not write outside the box

**3 (c)** Apart from keeping fit, what else does he think is good about sports?

**[1 mark]**

.............................................................................................................................

**3 (d)** Why is the news his favourite TV programe?

**[1 mark]**

.............................................................................................................................

**Turn over for the next question**

5

Do not write outside the box

**Home and local area**

4 You read an interview in a magazine.

Find the suitable answer for each question.

**Questions**

| | |
|---|---|
| آپ کا گھر کہاں ہے؟ | **Example:** |
| آپ کو اپنا علاقہ کیوں پسند ہے؟ | **(a)** |
| آپ کے گھر میں کون سا کمرہ زیادہ خوب صورت ہے؟ | **(b)** |
| کیا آپ کے گھر کے باغ میں پھول ہیں؟ | **(c)** |
| کیا گھر میں آپ کا اپنا کمرہ ہے؟ | **(d)** |

**Answers**

| | |
|---|---|
| میں اپنی بہن کے ساتھ کمرے میں رہتی ہوں۔ | **A** |
| میں لندن میں رہتی ہوں۔ | **B** |
| میرے گھر میں دو غسل خانے ہیں۔ | **C** |
| کیونکہ اس میں بہت سہولتیں ہیں۔ | **D** |
| میرا گھر بہت خوب صورت ہے۔ | **E** |
| مجھے اپنے گھر کی بیٹھک بہت پسند ہے۔ | **F** |
| میرے گھر کے باغیچے میں سبزیاں ہیں۔ | **G** |

*Do not write outside the box*

Write the correct letter in each box.

**Example:** **B**

**4 (a)** ☐ **[1 mark]**

**4 (b)** ☐ **[1 mark]**

**4 (c)** ☐ **[1 mark]**

**4 (d)** ☐ **[1 mark]**

**Turn over for the next question**

**4**

*Do not write outside the box*

**Job advertisements**

5 You see these advertisements for jobs in your local newspaper.

گوشت کی دکان

ہمیں اپنے نئے کاروبار کے لیے ایک ایسے قصاب کی ضرورت ہے جو مختلف اوقات میں کام کر سکے۔ اس کام کے لیے کم از کم پانچ سال کا تجربہ لازمی ہے۔

سبزی کی دکان

ہمیں اپنی دکان کے لیے ایک تجربہ کار شخص کی ضرورت ہے جو روزانہ آٹھ گھنٹے کام کر سکے اور اس کے علاوہ وہ گاڑی چلانا بھی جانتا ہو۔

کپڑوں کی دکان

عید کے موقع پر ہمیں اپنی دکان کے لیے ایک جزوقتی تجربہ کار حساب دان کی ضرورت ہے جو لین دین کا حساب رکھ سکے اور دکان کی نگرانی بھی کر سکے۔

*Do not write outside the box*

## سینما

شہر کے مشہور اور خوبصورت سینما کے لیے رات کے
وقت ایک چوکیدار کی ضرورت ہے جو تجربہ کار ہونے
کے ساتھ ساتھ مناسب تنخواہ پر بارہ گھنٹے کام کر سکے۔

Which **four** statements below are true?

| | |
|---|---|
| **A** | Previous experience is not necessary. |
| **B** | The butcher's has just opened. |
| **C** | The clothes shop needs an accountant. |
| **D** | They are all daytime jobs. |
| **E** | The greengrocer's needs a shop assistant for eight hours a day. |
| **F** | For the cinema job, you have two days off a week. |
| **G** | The cinema needs a security guard. |
| **H** | The greengrocer's has a fixed wage scheme. |

Write the correct letters in the boxes.


**5** ☐ ☐ ☐ ☐ **[4 marks]**

4


Do not write outside the box

**Healthy and unhealthy lifestyles**

**6** You read these views on health in an Urdu magazine.

| | | |
|---|---|---|
| مجھے سبزیاں کھانا بہت پسند ہے کیونکہ یہ انسان کی صحت کے لیے مفید ہیں۔ مجھے میٹھی چیزوں میں چاکلیٹ کھانے کا بھی شوق ہے۔ |  | **A** |
| میں اچھی صحت کے لیے دودھ کا زیادہ استعمال کرتا ہوں۔ اس کے علاوہ پھل بھی شوق سے کھاتا ہوں مگر مجھے مصالحے دار چیزیں کھانا بالکل پسند نہیں۔ |  | **B** |
| مجھے سب کچھ کھانا پسند ہے مگر میں اپنی صحت کا بہت خیال رکھتی ہوں اور صحت مند رہنے کے لیے میں دن میں آدھا گھنٹہ ضرور ورزش کرتی ہوں۔ |  | **C** |
| میں پہلے گھر کا بنا ہوا کھانا کھاتی تھی مگر میری نئی سہیلیوں نے مجھے باہر کے کھانے کی عادت ڈال دی ہے جو کہ صحت کے لیے بہت نقصان دہ ہے۔ |  | **D** |
| مجھے پڑھنے اور کمپیوٹر پر کام کرنے کا بہت شوق ہے مگر میں کام کے دوران مسلسل کھاتی رہتی ہوں جس سے میرا وزن بہت بڑھ گیا ہے۔ |  | **E** |

Do not write outside the box

| | | |
|---|---|---|
| میرے تمام دوست سگریٹ نوشی کرتے ہیں مگر مجھے یہ بالکل پسند نہیں کیونکہ یہ صحت کو خراب کرنے کے علاوہ فضول خرچی بھی ہے۔ |  | **F** |
| آج کل مجھے نیند نہیں آتی شاید اس کی وجہ کام کی زیادتی ہے۔ مجھے بھوک بھی بالکل نہیں لگتی اور میں ہر وقت ذہنی پریشانی میں مبتلا رہتی ہوں۔ |  | **G** |

Who has the following views?

Write the correct letter in each box.

**6 (a)** Smoking is not good for your health. ☐ **[1 mark]**

**6 (b)** Milk is good for your health. ☐ **[1 mark]**

**6 (c)** Vegetables play an important part in your health. ☐ **[1 mark]**

**6 (d)** My friends make me unhealthy. ☐ **[1 mark]**

**6 (e)** Exercise makes me fit. ☐ **[1 mark]**

5


**Turn over ▶**

Do not write outside the box

**Mobile phone technology**


**7** Some friends have posted their opinions on a web page regarding the use of mobile phones in schools.

میرے اسکول کی پڑھائی بہت ہی عمدہ ہے۔ ہمارے کئی اساتذہ کتابوں کا استعمال نہیں کرتے بلکہ وہ جدید ٹیکنالوجی سے بہت متاثر ہیں اور پڑھائی کے دوران اسی ٹیکنالوجی کا بھرپور استعمال کرتے ہیں۔ لہذا میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں بھی اسکول میں موبائل فون استعمال کرنے کی اجازت ہونی چاہیے۔



**Ahmed**

میرے خیال میں اسکول میں کچھ بچے موبائل فون کا غلط استعمال کرتے ہیں۔ وہ اپنے دوستوں کو پڑھائی کے دوران ٹیکسٹ کرنے کے علاوہ اس کا استعمال دوسرے بچوں کو تنگ کرنے کے لیے بھی کرتے ہیں۔ اس لیے میں سمجھتی ہوں کہ موبائل فون اسکول میں نہیں لانا چاہیے۔



**Sabah**

میرے مطابق اسکول میں موبائل فون کا استعمال بالکل ٹھیک نہیں ہے۔ یہ پڑھائی میں خلل ڈالتا ہے اور اس سے وقت بھی ضائع ہوتا ہے۔ میں اسکول میں موبائل فون کا استعمال صرف اپنے ریاضی کا کام کرنے کے لیے کرتا ہوں۔



**Hammad**

میں تو موبائل فون اسکول میں لانے کے خلاف نہیں ہوں کیونکہ میری رائے میں یہ
طلباء اور ان کے والدین کے درمیان رابطے کا ایک واحد ذریعہ ہے۔ میں کلاس میں
اسے بار بار نکالنے اور اس کے استعمال کے خلاف ہوں۔ کیونکہ اس سے طلباء پڑھائی
کی طرف کم توجہ دیتے ہیں۔



Iqra

**7 (a)** Which student thinks that phones can lead to bullying in school?

**[1 mark]**

......................................................................................................................................

**7 (b)** How does Hammad use his mobile phone in school?

**[1 mark]**

......................................................................................................................................

**7 (c)** Which student thinks that teachers are **not** against mobile phones and **why**?

**[2 marks]**

......................................................................................................................................

......................................................................................................................................

**7 (d)** Why does Iqra think the mobile phone is important in school?

**[1 mark]**

......................................................................................................................................

5

**Turn over ▶**

Do not write outside the box

**A job in education**

**8** You read this article from Shaheen in an Urdu magazine.



ایک سرکاری اسکول میں حساب کی استانی کی ملازمت کے لیے میں اپنے آپ کو ایک مناسب امیدوار سمجھتی ہوں کیونکہ اس کے لیے جو باتیں ضروری ہیں وہ تمام مجھ میں موجود ہیں جیسے کہ میں نے اس مضمون میں ڈگری حاصل کی ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ میں ایک تربیت یافتہ استاد ہونے کے ساتھ ساتھ مناسب تجربہ بھی رکھتی ہوں۔ میں جانتی ہوں کہ اس ملازمت میں مناسب تنخواہ نہیں ملتی اور کام بھی بہت زیادہ ہوتا ہے۔ ان سب باتوں کے باوجود جو بات مجھے سب سے زیادہ پریشان کر رہی ہے وہ یہ ہے کہ دو سال کے بعد یہ ملازمت کسی بھی وقت ختم ہو سکتی ہے جس کی وجہ سے میں مستقبل میں مالی مشکلات کا شکار ہو سکتی ہوں۔

**8 (a)** Why does Shaheen think that she would be suitable for this job? Give **two** reasons.
**[2 marks]**

1 ..........................................................................................................

..........................................................................................................

2 ..........................................................................................................

..........................................................................................................

Do not write outside the box

**8 (b)** What is her main worry at the moment?

**[1 mark]**

.............................................................................................................................

**8 (c)** Why does she feel insecure about her future?

**[1 mark]**

.............................................................................................................................

**Turn over for the next question**

4

Do not write outside the box

**Shopping blog**

**9** Ali shares his online shopping experience with his friends.

آج کل کے جدید دور میں زیادہ تر خریداری انٹرنیٹ کے ذریعے کی جاتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہر کوئی وقت کی کمی کا شکار ہے۔ لیکن یہ بات بھی دیکھنے میں آئی ہے کہ انٹرنیٹ کے ذریعے خریداری کرنا خطرناک ہو سکتا ہے کیونکہ اس طرح خریدار اپنے بینک اور کارڈ کی تفصیل ظاہر کر دیتا ہے جو کہ دوسرے لوگوں کو معلوم ہو سکتی ہے۔ اس طرح آپ کو وہ چیز بھی نہیں ملتی جو آپ نے دیکھی ہوتی ہے۔ کچھ اسی طرح کا واقعہ پچھلے سال میرے ساتھ بھی پیش آیا جب میں کبھی مصروفیت یا پھر سُستی کی وجہ سے تمام خریداری اپنے بینک کارڈ کے ذریعے انٹرنیٹ سے ہی کیا کرتا تھا۔ ہوا کچھ یوں کہ میں نے ایک ویب سائیٹ پر کچھ کھیلوں کا سامان دیکھا۔ چونکہ ہمارے اسکول میں سالانہ کھیلوں کے مقابلے شروع ہونے والے تھے تو میں نے کچھ سامان خریدنے کا پروگرام بنایا۔ میں نے ہمیشہ کی طرح اپنی پسند کا سامان چن کر پیسے ادا کرنے کے لیے اپنے بینک کارڈ کی تمام تفصیل لکھی اور جوں ہی میں نے رقم ادا کرنے کے لیے کمپیوٹر کا بٹن دبایا ویب سائیٹ غائب ہو گئی۔ مجھے کچھ شک گزرا، میں نے جلدی سے اپنا اکاؤنٹ دیکھا تو مجھے یہ دیکھ کر انتہائی تعجب ہوا کہ میرے اکاؤنٹ سے تمام رقم غائب تھی۔ میرے تو ہوش ہی اڑ گئے۔ میں نے فوراً اپنے بینک کو فون پر تمام واقعہ سے آگاہ کیا۔ مجھے چند دنوں بعد بینک نے تمام رقم تو لوٹا دی مگر مجھے یہ سبق ضرور ملا کہ مستقبل میں انٹرنیٹ پر خریداری کرتے وقت بہت احتیاط سے کام لینے کے علاوہ صرف محفوظ ویب سائیٹ سے خریداری کرنی چاہیے۔

*Do not write outside the box*

**9 (a)** Why is most shopping done on the internet?

**[1 mark]**

.......................................................................................................................

**9 (b)** Why does shopping on the internet sometimes become dangerous?

**[1 mark]**

.......................................................................................................................

**9 (c)** Why did Ali choose to shop online? Give **two** details.

**[2 marks]**

1 .....................................................................................................................

2 .....................................................................................................................

**9 (d)** Why did he want to buy sports equipment?

**[1 mark]**

.......................................................................................................................

**9 (e)** Mention **one** thing that happened when he submitted his order form?

**[1 mark]**

.......................................................................................................................

**9 (f)** How did it make him feel?

**[1 mark]**

.......................................................................................................................

**9 (g)** What lesson did he learn for the future? Give **two** details.

**[2 marks]**

1 .....................................................................................................................

2 .....................................................................................................................

**END OF QUESTIONS**

**9**

**There are no questions printed on this page**

**DO NOT WRITE ON THIS PAGE**
**ANSWER IN THE SPACES PROVIDED**

Copyright © 2015 AQA and its licensors. All rights reserved.